ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 16 فروری 2017ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کہ مطابق قیوم آباد کے قریب کنٹینر وہیکل کے مبینہ حادثے کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ایسٹ سے تفصیلی انکوائری پورٹ طلب کرلی ہے۔

انہوں نے ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ متعلقہ پولیس سے حادثے کی انکوائری کے ضمن میں تمام تر ممکنہ تعاون کو یقینی بنایا جائے اور مذکورہ سڑک پر ٹریفک کی روانی کے حوالے سے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

مردم شماری 2017ء کے لیے لاجسٹک سپورٹ، پولیس ڈپلائمنٹ، سیکیورٹی و دیگر اقدامات کے حوالے سے اجلاس۔

آئی جی سندھ نے اجلاس کی صدارت کی۔

کراچی 15 فروری 2017ء:۔

آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران بالخصوص کراچی میں مردم شماری 2017ء کے موقع پر سیکیورٹی حکمت عملی ولائحہ عمل سمیت پولیس ڈپلائمنٹ، ٹرانسپورٹ، فیڈنگ چارجز، لاجسٹک سپورٹ وافرادی قوت کی فراہمی ومتعلقہ دیگر ضروری امور کی تفصیلات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی مشتاق احمد مہر، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ، ایسٹ، ویسٹ، ساؤتھ زونز کے ڈی آئی جی، اے آئی جی آپریشنز سندھ، اے آئی جی ایڈمن سی پی او کے علاوہ ڈپٹی سیکریٹری داخلہ اور ڈپٹی سیکریٹری فائنانس سندھ نے بھی شرکت کی۔

اجلاس کو آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کے مردم شماری 2017ء کے لیے کسی بھی کمی یا خامی سے پاک تمام تر اقدامات پر مشتمل غیر معمولی اجامع کنٹی جینسی پلان ترتیب دیا جائے جس کے تحت پولیس ہیڈ کوارٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے مربوط روابط کے لیے ضلعوں کی سطح پر جوائنٹ کنٹرول رومز کا قیام عمل میں لایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ مردم شماری 2017ء کے حوالے سے پولیس کے مجموعی اقدامات کو موثر بنانے کے ضمن میں ضلعوں کی سطح پر جملہ ذمہ داریوں پر الگ الگ نمائندوں کو مقرر کیا جائے جس کا مقصد لاجسٹک سپورٹ، پولیس ڈپلائمنٹ، سیکیورٹی، ٹرانسپورٹ وغیرہ جیسے اقدامات کو ہر سطح پر فول پروف بنانا ہے۔

اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ نے بتایا کہ مردم شماری 2017ء کے موقع پر مردم شماری ٹیمز کے ساتھ کراچی کی سطح پر 10800 سے زائد پولیس افسران اور جوان خدمات انجام دیں گے۔

:۔''۔۔'''۔۔۔'''۔۔۔''۔: